This question paper contains 4 printed pages.]

Your Roll No. ....

5113

B.Com./I A

Paper V — URDU 'B'

[(New Course) (Admission of 2009 and onwards)]

Time : 3 Hours **Maximum Marks : 75**

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

1. درج ذیل نثری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : 20

(الف)

دوسری خصوصیت یہ ہے کہ مرزا نے استعارہ و کنایہ و تمثیل کو جو کہ لٹریچر کی جان اور شاعری کا ایمان ہے، اور جس کی طرف ریختہ گو شعراء نے بہت کم توجہ کی ہے ریختہ میں بھی نسبتاً اپنے فارسی کلام سے کم استعمال نہیں کیا اور شعراء نے استعارے کو صرف محاورات اردو میں بلا شبہ استعمال کیا ہے۔ لیکن استعارے کے قصد سے نہیں بلکہ محاورہ بندی کے شوق میں استعارے بلا قصد ان کے قلم سے ٹپک پڑے ہیں :

دم لیا تھا نہ قیامت سے ہنوز

پھر ترا وقت سفر یاد آیا

(ب)

آزاد : حضرت وہاں اول تو کھانا عمدہ اور لذیذ دوسرے مقام
صاف و شفاف جس لطف سے ہم نے وہاں کھانا کھایا وہ
یہاں کجا قلی کھڑا پنکھا جھل رہا ہے۔ صاف ستھرا پنکھا
جھل رہا ہے۔ پلیٹیں صاف - میز شفاف - چار چار
چپراسی خدمت کے لئے کھڑے ہیں۔ یہاں یہ باتیں کجا
- لاحول ولا قوۃ

مولوی صاحب : کھانا عمدہ تو آپ سمجھتے ہوں گے باقی رہا پنکھا
ایک پیسہ دے دیجیے گھنٹہ بھر پنکھا جھلوا لیجیے۔ اور
صفائی کو مسافرت سے کیا کام - سوائے ازیں
یہاں بھی کوئی غلیظ شے نہیں ہے۔

2. ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : **20**

(الف)

ابن مریم ہوا کرے کوئی - میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
بات پر واں زبان کٹتی ہے - وہ کہیں اور سنا کرے کوئی
بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ - کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی
نہ سنو گر برا کہے کوئی - نہ کہو گر برا کرے کوئی
روک لو گر غلط چلے کوئی - بخش دو گر خطا کرے کوئی

(ب)

جنھوں نے کہ تعلیم کی قدر و قیمت - نہ جانی مسلط ہوئی ان پہ ظلمت
ملوک اور سلاطین نے کھوئی حکومت - گھرانوں پہ چھائی امیروں کے نکبت
رہے خاندانی نہ عزت کے قابل
ہوئے سارے دعوے شرافت کے باطل
نہ چلتے ہیں واں کام کاریگروں کے - نہ برکت ہے پیشہ میں پیشہ وروں کے
بگڑنے لگے کھیل سوداگروں کے - ہوئے بند دروازے اکثر گھروں کے
کماتے تھے دولت جو دن رات بیٹھے
وہ اب ہیں دھرے ہاتھ پر ہاتھ بیٹھے

3. ٹریڈ یونین کے صدر کے نام خط لکھیے جس میں انھیں مزدوروں کے مسائل بتایئے اور ان سے ان مسائل کو حل کرنے کی درخواست بھی کیجئے۔ 10

4. درج ذیل انگریزی اصطلاحات میں سے کسی دس کا اردو میں ترجمہ کیجئے : 20

(1) Consumer interest
(2) Consumption
(3) Continuation Sheet
(4) Composing
(5) Competition

(6) Compensatory action
(7) Country Craft
(8) Co-Surety
(9) Condition implied
(10) Company
(11) Comparison of Value
(12) Court
(13) Council Bill
(14) Contribution
(15) Cost Accountancy
(16) Container
(17) Consumer Motivation
(18) Contract
(19) Composite Office
(20) Control Account

5. درج ذیل محاوروں اور ضرب الامثال میں سے کسی **پانچ** سے جملے بنائیے : 5

پانی پانی ہونا - آسمان پر دماغ ہونا - بات کا بتنگڑ بنانا -
ایک پنتھ دو کاج - آم کے آم گٹھلیوں کے دام -
ایک انار سو بیمار - مٹھی گرم کرنا - عقل پر پتھر پڑنا -